امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز پیر 09 نومبر 2026 / 28 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 212

وزیراعلیٰ بلوچستان کا یتیم بچوں کی کفالت کرنے والی امینہ شفیع کو خراجِ تحسین

ہر ممکن تعاون کا اعلان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی، جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا

دیوالی محبت، بھائی چارے، امن اور روشنیوں کا خوبصورت پیغام دیتی ہے۔ ایسے تہوار معاشرے میں باہمی احترام، رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتے ہیں، پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی، جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امینہ شفیع اپنی مدد آپ کے تحت ان بچوں کی سرپرستی اور تعلیم کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں اور انہیں معاشرے کا باوقار اور خودمختار شہری بنانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امینہ شفیع کے جذبہ انسانیت، حوصلے اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اصل عظمت دوسروں کے دکھ درد کو اپنا سمجھنے اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے میں ہے، امینہ شفیع جیسی باہمت بیٹیاں ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جو اپنی عملی جدوجہد سے انسانیت، ہمدردی اور احساس ذمہ داری کی روشن مثال قائم کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

جو شہر پال رہا ہے اسے زندہ رہنے دیں، کراچی پر بھی کرم نوازی کریں، خالد مقبول صدیقی

کراچی (آئی این پی) وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ جو شہر ملک کو پال رہا ہے اسے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان کی امینہ شفیع سے ملاقات، یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کے مشن کو سراہا

وفاقی حکومت نے نئی آٹو پالیسی کا اعلان کر دیا،

130 سی سی سے کم گاڑیوں کی قیمتیں کم ہوں گی، جبکہ 5 سال میں 6 ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی حکومت نے کم قیمت اور الیکٹرک گاڑیوں پر خصوصی توجہ کے ساتھ نئی آٹو پالیسی کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے پالیسی کے خدوخال بتائے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی چھ بنیادی ستونوں پر مبنی ہے، جن میں کم قیمت گاڑیاں، برآمدات میں اضافہ، الیکٹرک گاڑیوں کا فروغ، لوکلائزیشن، گاڑیوں کی حفاظت اور شفافیت شامل ہے۔ ہارون اختر نے کہا کہ درآمدی ڈیوٹی کم کر دی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

خواجہ آصف کا بڑا اعلان

پاکستان میں 12 نئے انتظامی یونٹس بنا و طاقت عوام کو واپس دو

دنیا کے کئی ممالک میں انتظامی یونٹس بنائے جاتے ہیں، پاکستان میں بھی اس حوالے سے غور ہونا چاہیے، وزیر دفاع کی گفتگو

اگر 12 انتظامی یونٹس بنانے کی تجویز ہے تو 12 ہی بنا لیے جائیں، تاہم ان کی تشکیل میں زبان، نسل یا سیاسی مفادات کو بنیاد نہیں بنانا چاہیے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان میں بھی نئے انتظامی یونٹس بنائے جانے چاہئیں، صوبوں کی تشکیل سے متعلق یہ تجویز گزشتہ 2 ماہ سے زیر بحث ہے جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دنیا کے کئی ممالک میں انتظامی یونٹس بنائے جاتے ہیں، پاکستان میں بھی اس حوالے سے غور ہونا چاہیے، ماضی میں تمام صوبوں کو ضم کر کے ون یونٹ بنایا گیا تھا، تاہم بعد میں یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ملک کی آبادی میں اضافہ ہو چکا ہے، اس لیے عوام کو سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانا

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وزیر دفاع خواجہ آصف کا قومی اسمبلی میں خطاب، ملک میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر زور۔



لاہور: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر اسکیم کے حوالے سے اہم اجلاس۔

جاتی امرا میں بڑا فیصلہ

مہنگائی کم کرو عوام کو ریلیف دو

پیٹرولیم مصنوعات پر عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات اور مہنگائی میں کمی کے امور زیرِ غور، نواز شریف کی معاشی استحکام کے لیے اقدامات تیز کرنے اور عوامی فلاحی منصوبوں کو ترجیح دینے کی ہدایت

علامہ اقبال کا پیغام خودشناسی، جدوجہد اور روحانی آزادی سے تقدیر بدلنے کا درس دیتا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا یومِ اقبال پر خراجِ عقیدت، اقبال کی 150 ویں سالگرہ کے سلسلے میں آج سے قومی و بین الاقوامی تقریبات پر مشتمل سال بھر کے پروگرام کے آغاز کا اعلان

لاہور (آن لائن): وزیراعظم شہباز شریف نے جاتی امرا میں سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے ملاقات کی، جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی موجود تھیں۔ ذرائع کے مطابق اہم ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف دینے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا، جبکہ مہنگائی میں کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے امور بھی زیرِ بحث آئے۔ ملاقات میں ملک کی داخلی اور خارجی سیکیورٹی صورتحال پر بھی گفتگو کی گئی، جبکہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

ریاست کیخلاف تقریریں اور توڑ پھوڑ کرنے والے عناصر سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، محسن نقوی

فورس ملک بھر میں امن و امان کی بحالی کے فرائض انتہائی جرات اور بہادری کے ساتھ سرانجام دے رہی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب

35 خواتین بھی شامل ہیں، یہ جوان فیڈرل کانسٹیبلری کے نئے قائم ہونے والے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کا حصہ بن چکے ہیں

شبقدر (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ریاست کیخلاف تقریریں کرنے، توڑ پھوڑ کرنے اور لوگوں کو حکومت کے خلاف اکسانے والے عناصر سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، وہ شبقدر ٹریننگ سینٹر میں فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کے پہلے بیچ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ شبقدر ٹریننگ

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

سپارکو نے پاکستان سپیس بیسڈ آگمینٹیشن سسٹم متعارف کرا دیا

اسلام آباد (آئی این پی) سپارکو نے پاکستان اسپیس بیسڈ آگمینٹیشن سسٹم متعارف کرا دیا۔ ترجمان سپارکو کے مطابق سسٹم پاک سیٹ ایم ایم ون سیٹلائٹ کے ذریعے چلایا جا رہا ہے، سسٹم درست، قابل اعتماد پوزیشننگ، نیوی گیشن اور ٹائمنگ کی سہولیت فراہم کرتا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاک ایس بی اے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی عرب نے ریاض کی جانب داغے گئے 2 بیلسٹک اور 2 کروز میزائل تباہ کر دیے

ریاض (اے ایف پی) سعودی عرب کی قیادت میں یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف سرگرم اتحاد نے دارالحکومت ریاض اور مملکت کے جنوبی علاقے کی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار روایتی جوش و جذبے اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا

صدر مملکت، وزیراعظم شہباز شریف سمیت سیاسی قیادت کی ہندو برادری کو مبارکباد پیش، نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار روایتی جوش و جذبے اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا۔ ملک کے کئی شہروں میں دیوالی کی رنگارنگ تقریبات منعقد ہوئیں، اس موقع پر گھروں اور عبادت گاہوں کو

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا

سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری، صفِ اول میں رہی۔ اتوار کو شبقدر چارسدہ میں

چارسدہ (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری، یہ فورس ہمیشہ فیڈرل کانسٹیبلری کے اسپیشل پروٹیکشن اور اینٹی رائٹ ونگز کی میں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ فیڈرل

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

انفلوئنزا اور مینجائٹس ویکسینز کی رجسٹریشن اور فیس وصولی کی سہولت عارضی طور پر معطل ہے، نادرا کا مسافروں کیلئے پیغام

جن افراد نے ب فارم نہیں بنوایا، 18 سال کی عمر مکمل ہونے کے بعد براہ راست شناختی کارڈ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، ترجمان نادرا

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی جانب سے مسافروں کو مطلع کیا گیا ہے کہ بارڈر ہیلتھ مینجمنٹ کی ہدایات پر نادرا کی جانب سے انفلوئنزا اور مینجائٹس ویکسینز کی رجسٹریشن اور فیس وصولی کی سہولت، جو پاک آئی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ 600 سے 700 روپے فی کلو تک فروخت

گھریلو صارفین کی مشکلات میں اضافہ، ایل پی جی ایسوسی ایشن کا تشویش کا اظہار

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا۔ پشاور سمیت مختلف علاقوں میں ایل پی جی 600 سے 700 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین کی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

عرمشرق، مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت پر انہیں خراج عقیدت پیش

علامہ اقبال کی فکر، فلسفہ خودی، خوداعتمادی اور عمل کا پیغام آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاعر مشرق، مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال کی فکر، فلسفہ خودی، خود اعتمادی اور عمل کا پیغام آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومت نے ایک شامی پناہ گزین کے معاملے میں قانونی غلطی کی، برطانیہ کی اپیل کورٹ کی نشاندہی

لندن (آئی این پی) برطانیہ کی اپیل کورٹ نے قرار دیا ہے کہ حکومت نے ایک شامی پناہ گزین کے معاملے میں قانونی غلطی کی، جسے لیبیا میں تاوان کیلئے اغوا کر کے تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا، برطانوی حکام نے اس واقعے کو انسانی سمگلنگ اور استحصال سے متعلق قوانین کے تحت جانچنے پر غور نہیں کیا تھا۔ برطانوی اخبار دی گارڈین کے مطابق عدالتی

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)



تنقید کرنے والوں کا بی آئی ایس پی کا ایک ایک روپیہ شفاف سینیٹر روبینہ خالد

اپنا چندہ بے حساب

بینظیر ہنرمند پروگرام کے ذریعے مستحق خاندانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، خواتین اور نوجوان خودمختار بنیں گے

بینظیر تعلیمی وظائف سے ایک کروڑ 20 لاکھ بچے، نشوونما پروگرام سے 22 لاکھ خواتین مستفید ہو رہی ہیں

بدین (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے دورہ بدین کے دوران سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان اور مقامی بلدیاتی نمائندوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور تجاویز سنیں اور بی آئی ایس پی کے مختلف اقدامات پر آگاہی دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



بدین: چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان اور مقامی بلدیاتی نمائندوں سے ملاقات کے دوران ان کے مسائل سن رہی ہیں۔

امریکی فوج کا بحیرہ عمان میں تجارتی جہاز کو نشانہ بنانے کا دعوی

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکر میں بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر آگ لگ گئی

واشنگٹن، تہران (آئی این پی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے بحیرہ عمان میں ایک تجارتی جہاز کو ناکارہ بنانے کا دعوی کرتے ہوئے کہا ہے کہ جہاز کو نشانہ تب بنایا گیا جب اس کے عملے نے متعدد انتباہات کو نظرانداز کرتے ہوئے مبینہ طور پر ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی کوشش کی۔ سینٹ کام کے مطابق امریکی فوجی طیارے نے کارگو جہاز ایم وی ہدا کو نشانہ بنا کر ناکارہ بنا دیا، جہاز پر سینٹ کٹس اینڈ نیوس کا پرچم آویزاں تھا۔ امریکی فوج کا کہنا ہے کہ کارروائی سے پہلے جہاز کے عملے کو ان حصوں سے دور ہونے کی ہدایت دی گئی تھی جنہیں نشانہ بنایا جانا تھا۔ سینٹ کام کے مطابق یہ جہاز ایک ایرانی بندرگاہ پر رکنے کے بعد خطے کے پانیوں سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ وہ ایران کی بحری ناکہ بندی پر عملدرآمد جاری رکھے گا۔ دوسری جانب برطانیہ کے میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز سینٹر نے بحیرہ عمان میں ایک تجارتی جہاز اور فوجی دستوں کے درمیان پیش آنے والے ایک واقعے کی اطلاع

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا صوبائی سیکرٹریٹ کا دورہ، شعبہ صحت کی ملازمین سے ملاقات

ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی سماجی رہنما امینہ شفیع کی ملاقات،

علاقے میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی جس کے دوران علاقے میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امینہ شفیع اپنی مدد آپ کے تحت ان بچوں کی سرپرستی اور تعلیم کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں اور انہیں معاشرے کا باوقار اور خودمختار شہری بنانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امینہ شفیع کے جذبہ انسانیت، حوصلے اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اصل عظمت دوسروں کے دکھ درد کو اپنا سمجھنے اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے میں ہے، امینہ شفیع جیسی باہمت بیٹیاں ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جو اپنی عملی جدوجہد سے انسانیت، ہمدردی اور احساس ذمہ داری کی روشن مثال قائم کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

میں تو ہتھیار نہیں اٹھا سکتا، فوج اسپیس دے گی سیاست کریں گے، نہیں دے گی نہیں کر سکتے، فواد چوہدری

اگر اسٹیبلشمنٹ نے سیاست دانوں کو سیاسی عمل سے باہر کیا تو ملک میں مسلح گروہوں کے ابھرنے کا خطرہ پیدا ہو جائے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) سابق وفاقی وزیر اور سیاستدان فواد چوہدری نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، اسٹیبلشمنٹ کے کردار اور سیاسی جماعتوں کے رویے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوج کے پاس اسلحہ ہے اس لیے ان سے لڑا نہیں جا سکتا، اگر اسٹیبلشمنٹ نے سیاست دانوں کو سیاسی عمل سے باہر کیا تو ملک میں مسلح گروہوں کے ابھرنے کا خطرہ پیدا ہو جائے گا۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ ایک سیاست دان ہیں اور ان کے پاس ہتھیار اٹھانے کا کوئی جواز یا ارادہ نہیں ہے، اگر فوج انہیں سیاست کرنے کی اجازت دے گی تو وہ سیاست کریں گے اور اگر اجازت نہیں دی گئی تو وہ سیاست بھی نہیں کر سکیں گے، اس وقت یہ فیصلہ اسٹیبلشمنٹ نے کرنا ہے کہ آیا انہوں نے ملک میں سیاست دانوں کو جمہوری اسپیس دینی ہے یا پھر اس خلا کو پر کرنے کے لیے کسی مسلح گروہ کو موقع فراہم کرنا ہے۔ اپنی ماضی کی سیاسی وابستگیوں اور ہے کہ آیا انہوں نے ملک میں سیاست دانوں کو جمہوری اسپیس دینی ہے یا پھر اس خلا کو پر کرنے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

امریکہ کا آئرن گیٹ منصوبہ محض الفاظ کا کھیل ہے، ترجمان ایرانی پاسدارانِ انقلاب

ایران کا زمینی راستوں سے محاصرہ کرنے کا امریکی منصوبہ بھی غیر اہم ہے

تہران (آئی این پی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان کا کہنا ہے کہ امریکہ کا آئرن گیٹ منصوبہ محض الفاظ کا کھیل ہے۔ ترجمان حسین مجی کی جانب سے جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ ایران کا زمینی راستوں سے محاصرہ کرنے کا امریکی منصوبہ بھی غیر اہم ہے۔ حسین مجی کا کہنا تھا کہ امریکہ مختلف عنوانات اور منصوبوں کے تحت ایران کا معاشی محاصرہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، لیکن وہ ناکام رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے اپنے پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور ان روابط کے لیے ہمارے پاس مختلف راستے موجود ہیں۔ امریکہ اتنا کمزور ہے کہ وہ ان راستوں کو بند نہیں کر سکتا۔ امریکا ایرانی معیشت کی ناکہ بندی اور ایران کے تجارتی راستے بند کر کے اپنے مقاصد حاصل نہیں کر سکتا۔ حسین مجی کا کہنا ہے کہ امریکی پابندیوں کے خلاف ایران نے پوری تیاری کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنے ہمسایوں سے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنگ اور انتخابات دونوں ہار چکے ہو، واشنگٹن پیغامات کس کے نام بھیجیں؟، ایران کا امریکا پر طنز

سینٹکام کے کمانڈر اب پوڈکاسٹر بن چکے ہیں، محسن رضائی

تہران (آئی این پی) ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے امریکا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جنگ اور انتخابات دونوں ہار چکا ہے، جبکہ امریکی قیادت میں بھی تبدیلیاں ہونے والی ہیں۔ محسن رضائی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں امریکی حکام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس شکست تسلیم کر چکے ہیں، وزیر خارجہ مارکو روبیو رخصت ہونے والے ہیں اور وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کو بھی عہدے سے ہٹایا جا رہا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کے کمانڈر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اب پوڈکاسٹر بن چکے ہیں۔ ایرانی عہدیدار نے امریکی قیادت کی صورتِ حال پر طنز کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ جب جنگ اور انتخابات دونوں ہار چکے ہو تو پھر ہمیں واشنگٹن میں اپنے پیغامات کس کے نام بھیجنے چاہئیں؟ محسن رضائی نے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبے کے عوام کی جانب سے پوری قوم کو

اپنے منفرد افکار اور فلسفہِ خودی سے روشناس کروا کر، اتحاد و یکجہتی، باہمی ہم آہنگی،

اور وحدت کا پیغام دینے والے مصورِ پاکستان، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ

کا 149 واں یومِ ولادت مبارک

اقبال کا اقبال بلند رہے

SS No 08/08.11.2026

محکمہ تعلقاتِ عامہ | حکومتِ بلوچستان

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan @govtofbalochistan @dgpr_gob

بقیہ 1

جدوجہد میں یکجہتی کو فروغ دیا۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمارا اتحاد ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ ہمیں اپنے اختلافات کو بھلا کر ایک ہونا ہوگا، تاکہ ہم اپنے ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکیں۔ آج کا دن ہمیں اپنے فرائض کی یاد دہانی کراتا ہے۔ ہمیں اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کام کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے بچوں کو تعلیم دینا ہوگا، تاکہ وہ ایک روشن مستقبل کی تعمیر کر سکیں۔ ہمیں اپنے ماحول کا خیال رکھنا ہوگا، تاکہ ہم اپنے ملک کو ایک صاف اور سرسبز ملک بنا سکیں۔ آج کا دن ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ ہمیں اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھانی ہوگی، لیکن ہمیں اپنے فرائض کو بھی نہیں بھولنا چاہیے۔ ہمیں ایک ذمہ دار شہری بننا ہوگا، جو اپنے ملک کے قوانین کا احترام کرے اور اپنے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالے۔ آخر میں، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہمیں اپنے ملک کے لیے ایک روشن مستقبل کا خواب دیکھنا ہوگا، اور اس خواب کو حقیقت بنانے کے لیے ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جہاں ہر شہری کو برابر کے مواقع ملیں، جہاں ہر شہری کو انصاف ملے، اور جہاں ہر شہری کو عزت ملے۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جہاں ہر شہری کو خوشی ملے۔ آج کا دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہمیں اپنے ملک کے لیے کام کرنا ہوگا، اور ہمیں اپنے ملک کو ایک بہتر ملک بنانا ہوگا۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں فخر ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں ناز ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں یقین ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں اعتماد ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں بھروسہ ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں امید ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں خواب ہو۔ ہمیں اپنے ملک کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا، جس پر ہمیں حقیقت ہو۔

بقیہ 2

زندہ رہنے دیا جائے اور پاکستان کے کل لڑائی کو بھی کوئی نہ روندی سکے۔ اپنے ایک بیان میں خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ہمارا تعلق جماعت اسلامی سے نہیں، ہم موروثی سیاست کی پیداوار نہیں ہیں اور نہ ہمارا کام کاروبار ہے بلکہ ہمارا کام سیاست کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سیاست کو تجارت نہیں بلکہ خدمت سمجھ کر کرتے ہیں، پاکستان میں حکمران ایسے مخلص طبقے کا نام ہے اور ہمارا طبقے سے کوئی تعلق نہیں، ہمارا مقابلہ ایسی سوچ سے ہے جو عظیم کی مخالف ہے۔ رہنما کا کہنا تھا کہ ہم سیاست کو کاروبار نہیں سمجھتے بلکہ ہمارا کام ایک مشن ہے، ہم اپنے گھروں سے نکل کر امیروں کے گھروں میں نہیں جاتے بلکہ ایکٹرز کی بجلی کے بلوں کے گھر وں تک میں پہنچ جاتے ہیں۔

بقیہ 3

اپنی مکمل طلب دوسروں کے حق کو روندا جائے اور نہ ہی بنیاد انسانیت، ہمدردی اور احساس دہ داری کی روشن مثال قائم کرتا ہے۔ ہمارے ادارے اور تعلیم کی ذمہ داری انتہائی اہم ہے۔ ہمارے ادارے نہ صرف انسانی اور اخلاقی تربیت میں بلکہ معاشرے کے مختلف طبقات کے درمیان ہم آہنگی اور توازن پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہمارے ادارے نہ صرف علم کے مراکز ہیں بلکہ یہ ایک ایسا ماحول بھی فراہم کرتے ہیں جہاں طلبہ کو ایک دوسرے کے ساتھ احترام، رواداری اور مختلف نقطہ نظر کے ساتھ برداشت کے ساتھ رہنا سکھایا جاتا ہے۔ ہمارے ادارے ایک ایسا ماحول بھی فراہم کرتے ہیں جہاں طلبہ کو ایک دوسرے کے ساتھ احترام، رواداری اور برداشت کے ساتھ رہنا سکھایا جاتا ہے۔ ہمارے ادارے ایک ایسا ماحول بھی فراہم کرتے ہیں جہاں طلبہ کو ایک دوسرے کے ساتھ احترام، رواداری اور برداشت کے ساتھ رہنا سکھایا جاتا ہے۔

بقیہ 4

بلوچستان کے ضلع خضدار میں پیر کو 8 اور 10 نومبر کی دو روزہ پولیو مہم کا آغاز ہوگیا۔ مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر کے 2 لاکھ 39 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار ڈاکٹر عبدالرحمٰن بلوچ نے مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں کو ہمیشہ کے لیے معذور کر سکتی ہے، اس لیے ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانا والدین کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں 1 لاکھ 39 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے 1 ہزار 183 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ ان ٹیموں میں 1 ہزار 183 پولیو ورکرز، 183 سپروائزرز اور 183 یونین کونسل سطح کے ہیلتھ سپروائزرز شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہر ٹیم کو ایک موٹر سائیکل بھی فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے 183 مقامات پر مستقل ٹرانزٹ ٹیمیں بھی قائم کی گئی ہیں تاکہ سفر کرنے والے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع کے 183 مقامات پر مستقل ٹرانزٹ ٹیمیں بھی قائم کی گئی ہیں تاکہ سفر کرنے والے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا سکیں۔

بقیہ 5

ہے۔ اگر گاڑیوں کی تیاری کی لاگت ہو اور آدمی والے لوگوں کو مقامی طور پر تیار کیا جائے تو گاڑیاں دستیاب ہوں۔ وزیراعظم کی خصوصی توجہ 1300 سی سی سے کم گاڑیوں کی قیمت کم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹو پارٹس پر ڈیوٹی کم کرنے کی تجویز ہے۔ وزیراطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ گاڑیوں کی تیاری کی لاگت کم کرنے کیلئے ڈیوٹی میں کمی کی تجویز ہے۔ ایکٹرک گاڑیوں سے تحمل کے درآمدی ٹیکس میں بھی کمی کی جائے گی۔

بقیہ 6

الرحمان سے ساتھ اختلافات کا معاملہ زیر غور آرہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں اس بات پر مکمل اتفاق کیا گیا کہ حکومت کی بلوچستان میں ترجیح ہمیشگی کی ہے اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد میں ہر طرح کی مزاحمت کو ختم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدام کرنا ہے جو ہوگا کو عملی طور پر محسوس کرنا ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم کو معاشی استحکام کے حوالے سے اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں پر آگے بڑھانے کی ہدایت کی۔ دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے شہر شرقی کوئٹہ میں اطلاع عام اتھارٹی کے 149 ایکڑ پر مشتمل ہیڈ کوارٹر اور خرانج عقیدت پل کا دورہ کیا۔ وزیراعظم کو ہیڈ کوارٹر کی تعمیر کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، جس سے عام آدمی کو سستی، معیاری اور آسان دستاویز کی فراہمی کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اطلاع عام اتھارٹی کے قیام کا مقصد شفافیت کو یقینی بنانا اور عوام کو بلا تاخیر معلومات کی فراہمی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اطلاع عام اتھارٹی کے قیام سے عوام کو بہت سہولت ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہیڈ کوارٹر کی تعمیر کا کام بہت تیزی سے مکمل کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اطلاع عام اتھارٹی کے قیام سے عوام کو بہت سہولت ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اطلاع عام اتھارٹی کے قیام سے عوام کو بہت سہولت ملے گی۔

بقیہ 7

جانب اٹھے گا۔ 2 گروز میزائل تباہ کیے گئے 24 گھنٹوں کے دوران پہنچا ہے جانے والا یہ دوسرا حملہ ہے، اس سے قبل اتحاد نے ریاض کی جانب داغے گئے 2 بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کیے جس کے بعد سے سعودی اور اتحاد کشیدہ ہے۔ اس سے قبل اتحاد نے 2 اکتوبر کو بھی

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ (3)09 نومبر 2026ء

امر بالمعروف ونہی عن المنکر
اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

ٹرمپ کا سیاسی انتقام لینے اور دھمکیاں دینے پر ڈیموکریٹس کے خلاف تحقیقات کا حکم

واشنگٹن: (اے ایف پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ڈیموکریٹس پر سیاسی انتقام لینے، ری پبلکن رہنماؤں اور ان کے حامیوں کو نشانہ بنانے، دھمکیاں دینے اور قانون کو سیاسی مخالفین کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے محکمہ انصاف کو ممکنہ جرائم اور اقدامات کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ڈیموکریٹس کی افراتفری اور مختلف سزاؤں کی دھمکیاں دے رہے ہیں، اٹارنی جنرل سمیت متعدد افراد کے خلاف مواخذے کی دھمکیاں بھی جاری ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ڈیموکریٹس کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

وزیراعلیٰ سندھ کی دیوالی پر ہندو برادری کو مبارکباد، مندروں پر اضافی پولیس نفری تعینات کرنے کی ہدایت

دیوالی روشنی، خوشیوں، امن اور امید کا تہوار ہے، ضیا الحسن لنجار کا پیغام

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ ضیا الحسن لنجار نے دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے سندھ بھر میں مندروں، ہندو مقامات اور تقریبات کے لئے مکمل پروف سیکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ وزیر داخلہ سندھ نے اپنے پیغام میں کہا کہ دیوالی روشنی، خوشیوں، امن اور امید کا تہوار ہے، جو محبت، بھائی چارے، باہمی احترام اور ہندو سمیت دیگر ہندو مقامات پر پولیس کی اضافی نفری تعینات کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دیوالی کی تقریبات کے دوران پٹرولنگ شفٹ اور نگرانی کی مؤثر نظام قائم رکھا جائے، حساس مقامات پر

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

غزہ میں بارش سے گھر فلسطینیوں کی مشکلات میں اضافہ 70 ہزار سے زائد خیمے تر آب

غزہ (اے ایف پی) غزہ میں شدید بارش کے باعث 70 ہزار سے زائد کے گھر فلسطینیوں کے خیمے تر آب آ گئے، جس سے پہلے ہی مشکلات کا شکار متاثرین کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہو گیا۔ غزہ سول ڈیفنس کے مطابق صرف 12 گھنٹوں کے دوران اس قریباً 70 ہزار خیمے بارش کے پانی میں ڈوب گئے، جبکہ تین خان یونس اور غزہ آباد مکانات بھی متاثر ہوئے۔ بارش کے باعث کھلے خیموں میں رہنے والے بچے اور بزرگ سخت سردی کا شکار ہیں۔ بہت سے خیموں کو مرمت کی ضرورت ہے جبکہ کئی خیمے ایسے ہیں جن کی چھتیں مکمل طور پر اڑ چکی ہیں۔ بارش کے پانی سے بچاؤ کے لیے بہت سے لوگوں نے اپنے خیموں کے اوپر پلاسٹک کی چادریں ڈال رکھی ہیں، لیکن یہ عارضی انتظام تیز ہوا اور بارش کے سامنے بے بس ثابت ہوا ہے۔ بہت سے خیموں کے اندر پانی جمع ہو گیا ہے، جس کی وجہ سے بستر، کپڑے اور ضروری سامان بھی بھیگ گیا ہے۔ بارش کے پانی میں ڈوب

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 ، 081-2453865
کمپلینٹ 081-2828245
Email:Etleaeaam2010@gmail.com
E-mail Etleaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

جدید ڈیجیٹل آلات کی فراہمی

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری سکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلباء ؍ اور طالبات کو کروم ب؟ کو اور انٹرنیٹ ڈیوائس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجراء ؍ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔

اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں میرٹ، محنت اور قابلیت کی بنیاد پر کروم ب؟ کس دینے کی تقریب کے دوران طلباء ؍ اور طالبات کو سکول بیگ اور ''مائی فائی'' انٹرنیٹ ڈیوائس بھی دی گئیں تاکہ وہ گھروں میں بیٹھ کر ای لائبریریوں اور دنیا بھر میں دستیاب تعلیمی وسائل سے استفادہ کر سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو تعلیم کے بہترین مواقع دے اور انہیں ذمہ دار، باصلاحیت اور باکردار شہری بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی نوجوانوں کے لیے علم کے نئے دروازے کھولے گی اور ا؟ نہیں عالمی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے قابل بنائے گی۔ ا؟ ن کے مطابق تعلیم ایسی دولت ہے جسے کوئی چھین نہیں سکتا جبکہ قابلیت اور محنت انسان کو معاشرے میں نمایاں مقام دلاتی ہے۔ ا؟ نہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے سابق دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ فراہم کیے گئے تھے جس سے انہیں آگے بڑھنے کے مواقع ملے کیونکہ ذہانت اور محنت کا تعلق کسی کی مالی حیثیت سے نہیں ہوتا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال میں تقسیم کیے گئے تھے جبکہ موجودہ پروگرام کے تحت پانچ لاکھ ہونہار طلباء ؍ اور طالبات کو صرف دو سال میں کروم ب؟ کس فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ لیپ ٹاپس کے باعث ہی طلا کو رونا دہاء ؍ کے دوران تعلیم جاری رکھنے میں کامیاب رہے اور ان میں سے متعدد اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹر، انجینئر اور دیگر شعبوں کے پروفیشنل بنے۔ وزیراعظم نے کروم بکس کی فراہمی کے لیے عطیہ دینے پر ٹویکیو کیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی دن رات محنت کر کے ملک کا نام روشن کرتے ہیں اور اس منصوبے میں ان کا تعاون پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر طلبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت بھی دی جا رہی ہے، ایک ''مائی فائی'' کنکشن سے پانچ مزید بچے بھی فائدہ ا؟ ٹھا سکیں گے جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر اس پروگرام کے فوائد 25 لاکھ بچوں تک پہنچنے کی توقع ہے۔ پاکستان میں اس وقت بچوں کو تعلیم فراہم کرنا قومی سطح کا ایک بڑا چیلنج ہے۔ وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی فروری 2026ء ؍ میں جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ ملک بھر میں ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ اِس تعلیمی محرومی کے اسباب میں غربت، تعلیمی اداروں تک محدود رسائی، بنیادی سہولتوں کی کمی، اساتذہ کی قلت اور بچیوں کو درپیش سماجی رکاوٹیں شامل ہیں۔ ایسے حالات میں پانچ لاکھ طلبہ کو کروم ب؟ کس فراہم کرنا ڈیجیٹل تعلیم کی طرف یقیناً ایک بڑا قدم ہے لیکن اس سے ا؟ ن بچوں کو کوئی فرق نہیں پڑے گا جو سکولوں سے باہر ہیں۔ حکومت کو ڈیجیٹل سہولتوں کی فراہمی کے ساتھ ایسے بچوں کی شناخت، سکولوں میں داخلے، غیر رسمی تعلیم اور بنیادی تعلیمی سہولتوں کی بہتری کے لیے بھی مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے بصورتِ دیگر لاکھوں بچوں کی صلاحیتیں ضائع ہونے کے علاوہ غربت اور معاشی ناہمواری کا سلسلہ جاری رہنے کا خطرہ برقرار رہے گا۔ وزیراعظم یوتھ کروم ب؟ ک پروگرام اور دانش سکول سسٹم جیسے اقدامات اِس اصول کی اہمیت ا؟ جاگر کرتے ہیں کہ معیاری تعلیم کے مواقع معاشی حیثیت سے قطع نظر ہر بچے کو میسر ہونا چاہئیں۔ کروم ب؟ کس کے ذریعے طلبہ کو ڈیجیٹل لائبریریوں، آن لائن تعلیمی مواد اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی مل سکتی ہے جبکہ دانش سکول سسٹم کا مقصد محروم طبقات کے بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اِن اقدامات کی افادیت مزید بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ آلات کی تقسیم کے ساتھ اساتذہ کی تربیت، انٹرنیٹ کی دستیابی، نصابی مواد کی بہتری اور تعلیمی نتائج کی نگرانی کو بھی یقینی بنایا جائے تاہم بنیادی ہدف صرف موجودہ طلبہ کو سہولتیں فراہم کرنا نہیں بلکہ ا؟ ن بچوں کو بھی تعلیم کے دائرے میں لانا ہونا چاہئے جو اِس سے محروم ہیں۔ ڈھائی کروڑ سے زائد بچے مستقبل کا قیمتی انسانی سرمایہ ہیں، انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع سے محروم چھوڑ دینا قومی ترقی کے امکانات کو محدود کرنے کے مترادف ہوگا۔ اگر ریاست ان کی تعلیم و تربیت میں ناکام رہی تو بے روزگاری، غربت اور معاشرتی محرومیوں کے مسائل شدت اختیار کر سکتے ہیں اور معاشرے پر ایسا بوجھ ڈال سکتے ہیں جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے۔ اس لیے تعلیمی نظام کی بنیاد درست کرنا ناگزیر ہے۔ ابتدائی تعلیم کا معیار بہتر بنانا، سکول چھوڑنے کی شرح کم کرنا، اساتذہ کی کمی دور کرنا اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہوگا۔ اِس بحران کا پائیدار حل جامع، مسلسل اور جواب دہ تعلیمی پالیسی کے بغیر ناممکن ہے۔ کروم ب؟ کس اور دانش سکول اس تبدیلی کے اہم اجزاء ؍ بن سکتے ہیں بشرطیکہ اصل ترجیح ہر بچے کو تعلیم یافتہ، ہنر مند اور خود مختار شہری بنانا ہو۔

ہمارے ادارے کب اور کیسے کام کرتے ہیں؟

مختار چودھری

ہمارے ملک میں ادارے بھی موجود ہیں اور قوانین بھی، مگر یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ادارے کب اور کس کے حکم پر حرکت میں آتے ہیں حکمران، سیاستدان اور ہر عام و خاص کرپشن کے خلاف ہے، مگر کرپشن ہے کہ بڑھتی ہی چلی جارہی ہے، یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ پاکستان کا کوئی ادارہ یا محکمہ کرپشن سے مکمل طور پر پاک ہے، سیاستدان ایک دوسرے پر میگا کرپشن کے الزامات لگاتے ہیں، سیاستدان پیرو کریسی پر کرپشن کے الزامات عائد کرتے ہیں، ہماری طاقتور اسٹیبلشمنٹ بھی وقتے وقتے سے سیاستدانوں پر کرپشن کے سنگین الزامات عائد کرتی رہی ہے، یا دنہیں کہ پاکستان کی کسی سول حکومت کو کرپشن کے الزام کے بغیر رخصت کیا گیا ہو۔ اصل سوال یہ ہے کہ اگر کرپشن اتنی ہی عام ہے تو اس کا سد باب کیوں نہیں؟ ہم نے جمہوری حکومتیں بھی دیکھیں، آمریتیں بھی بھگتیں، صدارتی نظام بھی دیکھے اور پارلیمانی بھی، بڑے جابر گورنر اور وزراء ؍ اعلیٰ کے بڑے بڑے دعوے سنے، مگر کرپشن کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی گئی، اس کا مطلب یہ ہے کہ مسئلہ صرف چوروں کا نہیں، اصل مسئلہ نظام ہے۔ ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ جب کسی شخصیت کی کرپشن کے قصے میڈیا پر زیر بحث آتے ہیں، دونوں جانب سے دلائل دیئے جارہے ہوتے ہیں اور الزام تراشی عروج پر ہوتی ہے تو متعلقہ ادارے اس وقت خاموش کیوں رہتے ہیں؟ اداروں کو میڈیا میں سامنے آنے والی سنجیدہ شکایات کا فوری نوٹس لینا چاہئے، اگر واقعی کرپشن ہوئی ہے تو ذمہ دار شخص کے خلاف مقدمہ درج ہو، تحقیقات ہوں اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور اگر الزامات جھوٹے اور بے بنیاد ثابت ہوں تو الزام لگانے والوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اچانک کسی سیاسی شخصیت یا بڑے بیورو کریٹ کے خلاف کرپشن کا غلغلہ اٹھتا ہے، میڈیا پر دھواں دھار تقاریر اور مباحثے شروع ہو جاتے ہیں، کئی مرتبہ مقدمات بھی قائم ہو جاتے ہیں، لیکن کچھ عرصے بعد یہ شور آہستہ آہستہ بیٹھنے لگتا ہے، معاملہ پس پردہ چلا جاتا ہے اور آخرکار نتیجہ صفر رہتا ہے۔ یورپی ممالک میں صورت حال اس سے مختلف ہے۔ وہاں اگر میڈیا کسی مکمہ مالی بے ضابطگی یا کرپشن کی نشاندہی کرے تو متعلقہ ادارے فوری طور پر معاملے کا جائزہ لیتے ہیں۔ اگر ابتدائی شواہد موجود ہوں تو تحقیقات شروع ہو جاتی ہے اور معاملہ قانون کے مطابق آگے بڑھتا ہے، ہمارے ہاں اس کے برعکس میڈیا پر ہفتوں بحث جاری رہتی ہے، مگر متعلقہ ادارے اظہار کیوں دکھائی نہیں دیتے۔ ابھی حال ہی میں پنجاب کی وزیراعلیٰ کے سرکاری جہاز پر نجی دورے کا معاملہ خبروں میں رہا وزیراعلیٰ، وزراء ؍ اور دیگر متعلقہ افراد کی جانب سے مختلف مؤقف سامنے آئے بعدازاں وزیراعلیٰ نے میڈیا پر ایک رسید بھی شیئر کی جس کے مطابق انہوں نے دو کروڑ 71 لاکھ روپے اپنی طرف سے ادا کیے۔ یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ قومی احتساب بیورو، جس کا سالانہ بجٹ اربوں روپے ہے، ایسے معاملات میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ نیب کے علاوہ بھی احتساب اور مالی نگرانی کے کئی ادارے موجود ہیں۔ ماضی میں سپریم کورٹ بھی بعض معاملات میں ازخود نوٹس لیا کرتی تھی۔ آج یہ ادارے ایسے معاملات میں کس مرحلے پر حرکت میں آتے ہیں؟ عوام کو کم از کم یہ معلوم ہونا چاہئے کہ قانون سب کے لئے یکساں ہے اور ادارے کسی اشارے کے منتظر نہیں بلکہ قانون کے تحت خود اپنا کام کرتے ہیں۔ اس حوالے سے یورپ کی دو مثالیں پیش ہیں۔ 1995ء ؍ میں سویڈن کی نائب وزیراعظم مونا سہلین، جو سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کی رہنما اور امید وار سمجھی جارہی تھیں، ایک تنازع کا شکار ہوئیں، انہوں نے کرسمس کے موقع پر سرکاری کریڈٹ کارڈ سے اپنے بچوں کیلئے کچھ ذاتی خریداری کی، جس میں کپڑوں کے علاوہ Toblerone برانڈ کی چاکلیٹ بھی شامل تھی۔ یہ معاملہ بعد میں ''Toblerone اسکینڈل'' کے نام سے مشہور ہوا۔ مونا سہلن نے بعد میں وہ رقم واپس سرکاری اکاؤنٹ میں جمع کرادی، بلکہ کچھ اضافی رقم بھی ادا کی، لیکن جب معاملہ میڈیا میں آیا تو تحقیقات شروع ہو گئیں، عوامی اور سیاسی دباؤ کے نتیجے میں انہوں نے نائب وزیراعظم کے عہدے اور پارٹی کی ذمہ داریوں سے استعفیٰ دیدیا اور عوام سے معذرت بھی کی بعد میں تحقیقات مکمل ہوئیں تو فوجداری قانون کے تحت ان کے خلاف جرم ثابت نہیں ہوا، بنیادی مسئلہ یہ تھا کہ سرکاری کریڈٹ کارڈ کو ذاتی خریداری کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا تھا۔ دوسری مثال ناروے کی ہے۔ پانامہ پیپرز کے معاملے میں جب ناروے سے تعلق رکھنے والی بعض کاروباری اور سیاسی شخصیات کے نام میڈیا میں سامنے آئے تو ناروے کا معاشی جرائم سے نمٹنے والا ادارہ Økokrim فوری متحرک ہوا، اور اعلان کیا کہ جن لوگوں کے نام ہیں وہ اگلے تین دن میں اپنے سارے کارڈ ہماری میز پر رکھ دیں ورنہ ہم خود دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیں گے، جن لوگوں کی دولت قانونی طریقے سے گئی ہوگی انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا جن کے پاس بلیک منی ثابت ہوئی ان سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا، اس کے بعد قانون کے مطابق فیصلے ہوئے۔ ہمارے ہاں مسئلہ شاید یہی ہے کہ احتساب کا عمل اکثر قانون کے بجائے سیاسی شور کا تابع دکھائی دیتا ہے، الزام در الزام لگتے ہیں، میڈیا پر ٹرائل ہوتے ہیں، کچھ عرصے بعد میڈیا کو کوئی نیا موضوع مل جاتا ہے اور پرانا معاملہ فائلوں کے نیچے دب جاتا ہے۔ اگر ہمارے ادارے کسی خاص مقام سے اشارے کا انتظار کیے بغیر قانون کے مطابق کام کریں تو شاید کرپشن کے خلاف ہماری جنگ نعروں، پریس کانفرنسوں اور میڈیا ٹرائلز سے نکل کر ایک مؤثر نظام احتساب کی شکل اختیار کر سکے۔

یمن کی جنگ میزائل سے عالمی معیشت تک

نوید سحر

جنگیں عجیب ہوتی ہیں۔ نقشے پر چند لکیریں کھینچی جاتی ہیں چند شہر نشانے پر رکھے جاتے ہیں میزائل داغے جاتے ہیں اور ٹیلی ویژن پر بیٹھ کر آتا ہے 'فریقین میں شدید جھڑپیں جاری ہیں۔ ہم جملہ پڑھتے ہیں چائے کا گھونٹ لیتے ہیں اور آگے بڑھ جاتے ہیں۔ لیکن ایک میزائل جب یمن سے سعودی عرب کی طرف جاتا ہے تو وہ اپنے ساتھ کئی سوال لے جاتا ہے۔ اسے کس نے بنایا ٹیکنالوجی کہاں سے آئی اسے روکنے میں کتنے کروڑ ڈالر خرچ ہوئے جس شہر پر یہ گرا وہاں کون رہتا تھا اور اگر اس حملے سے تیل کی تنصیب رک گئی تو اس کا اثر دنیا کے دوسرے سرے تک کیسے پہنچے گا۔ کہانی کیا ہے آئیں سمجھتے ہیں۔ یمن بظاہر ایک غریب ملک ہے، مگر اس کا جغرافیہ بہت قیمتی ہے۔ یہ بحرِ احمر کے اس دروازے پر بیٹھا ہے جہاں سے عالمی تجارت کا ایک اہم حصہ گزرتا ہے۔ باب المندب ایک تنگ سمندری راستہ ہے، مگر دنیا کی معیشت کے لیے اس کی اہمیت بہت بڑی ہے۔ یمن کی تباہی 2015 میں شروع نہیں ہوئی۔ حوثی تحریک شمالی یمن کی زیدی برادری سے ابھری۔ ابتدا میں یہ مذہبی اور سیاسی بیداری کی تحریک تھی مگر وقت کے ساتھ ریاست سے مسلح تصادم میں بدل گئی۔ 2004 میں حکومت اور حوثیوں کے درمیان جنگ شروع ہوئی۔ پھر 2011 آیا۔ علی عبداللہ صالح اقتدار سے الگ ہوئے اور عبدربہ منصور ہادی صدر بنے۔ مگر ریاست کمزور، معیشت بیمار اور سیاسی ادارے تقسیم تھے۔ جنوب میں علیحدگی پسند جذبات موجود تھے اور حوثی اپنی طاقت بڑھا رہے تھے۔2014 میں حوثی صنعاء ؍ میں داخل ہو گئے۔ جنوری 2015 میں انہوں نے صدارتی محل پر قبضہ کر لیا اور صدر ہادی ملک سے باہر چلے گئے۔ 26 مارچ 2015 کو سعودی قیادت میں فوجی اتحاد نے یمن میں کارروائی شروع کر دی۔ یوں مقامی تنازع علاقائی طاقتوں کی کشمکش بن گیا۔ یہاں ایران کا نام آیا۔ حوثیوں کے ایران کے ساتھ تعلقات مضبوط ہوئے اور مختلف بین الاقوامی تحقیقات اور حکومتوں نے ایرانی مدد یا ٹیکنالوجی کے شواہد پیش کیے۔ سعودی عرب نے اسے اپنی سرحد کے قریب ایران کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کے طور پر دیکھا۔ لیکن حوثیوں کو صرف ایران کی پیداوار سمجھنا بھی مکمل تصویر نہیں۔ ان کی اپنی تاریخ، تنظیم، قبائلی روابط اور یمنی سیاسی مفادات ہیں۔ ایران کی مدد تھم بھی ہو جائے تو یمن کا بنیادی بحران ختم نہیں ہوگا، کیونکہ بیماری پہلے سے موجود ہے۔ جنگ نے اسے صرف نمایاں کر دیا۔ پھر شہروں پر بم گرے، اسپتال بھرے اور بچے غذائی قلت کا شکار ہوئے۔ 377,000 اموات کا مشہور عدد 2021 تک UNDP کے ایک ماڈل پر مبنی اندازہ تھا، جس میں براہ راست اور بالواسطہ اموات شامل تھیں۔ اعداد کبھی بھی بہت بے رحم ہوتے ہیں۔ ایک لاکھ انسان مر جائیں تو خبر بنتی ہے۔ ایک بچہ مرے تو ماں کا گھر قبر بن جاتا ہے۔2022 میں اقوام متحدہ کی ثالثی سے جنگ بندی ہوئی۔ حملوں میں کمی آئی، صنعاء ؍ ایئرپورٹ پر محدود پروازیں بحال ہوئیں اور حدیدہ کی بندرگاہ سے ایندھن کی ترسیل بہتر ہوئی۔ اکتوبر 2022 میں جنگ بندی ختم ہو گئی، مگر جنگ پہلے جیسی نہ رہی۔ یہ امن نہیں تھا، صرف جنگ کی رفتار میں کمی تھی۔ پھر 2026 میں دوبارہ کشیدگی بڑھی اور حملوں و جوابی کارروائیوں نے واضح کر دیا کہ یمن کی جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی۔ اور دنیا کی نظریں دوبارہ باب المندب پر جم گئیں۔ یمن کا ایک ڈرون ہزاروں میل دور کسی یورپی کمپنی کو اپنا جہاز کا راستہ بدلنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ راستہ لمبا ہوتا ہے، ایندھن اور انشورنس کی لاگت بڑھتی ہے، ترسیل میں تاخیر ہوتی ہے اور اثر بالآخر صارف تک پہنچتا ہے۔ اسی لیے یمن صرف خانہ جنگی نہیں۔ یہ جغرافیے، علاقائی طاقت، عالمی تجارت اور سب سے بڑھ کر انسانوں کا مسئلہ ہے۔ اس جنگ کو صرف شیعہ سنی تنازع ایران سعودی پراکسی وار یا حوثیوں کی بغاوت کہنا مکمل تصویر نہیں۔ اس میں مقامی محرومی، اقتدار کی جنگ، ریاستی کمزوری، قبائلی سیاست، مذہبی شناخت، علاقائی رقابت اور عالمی مفادات سب شامل ہیں۔ اور سب سے پیچیدہ بات یہ ہے کہ یمن کے اندر بھی مستقبل کی ایک ہی تصویر نہیں۔ شمال جنوب قبائل، سیاسی دھڑے اور مسلح گروہ اپنے اپنے مفادات اور مطالبات رکھتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی دیرپا حل کے لیے صرف بیرونی طاقتوں کا اتفاق کافی نہیں یمن کے اندر سیاسی سمجھوتا بھی ضروری ہوگا۔ اسی لیے ایک گروہ کو شکست دے کر مسئلہ ختم نہیں ہوگا۔ ایک میزائل روک کر امن قائم نہیں ہوگا۔ ایک صدر بدل کر ٹوٹی ہوئی سیاست درست نہیں ہوگی۔ اس کے لیے سیاسی سمجھوتا، مضبوط ریاستی ادارے معاشی بحالی اور سب سے بڑھ کر امن کا ارادہ چاہیے۔ مگر اس سب کے درمیان ایک ایسا حلقہ کھڑا ہے جس کے عام شہری نے سب سے زیادہ قیمت ادا کی ہے۔ ایک یمنی ماں سے پوچھیں کہ اسے باب المندب میں عالمی تجارت کی کتنی فکر ہے۔ وہ شاید کہے مجھے صرف یہ بتا دیں کہ میرا بچہ کل اسکول جائے گا یا نہیں۔ یہی جملہ یمن کی پوری جنگ کو سمجھا دیتا ہے۔ بڑی طاقتیں نقشے دیکھتی ہیں۔ جنرل میزائلوں کی رینج دیکھتے ہیں۔ حکومتیں سرحدیں دیکھتی ہیں کمپنیاں شپنگ روٹس دیکھتی ہیں۔ لیکن ایک یمنی باپ اپنے بچے کا چہرہ دیکھتا ہے۔ دنیا پوچھتی ہے کون جیت رہا ہے۔ یمن پوچھتا ہے جنگ کب ختم ہوگی۔ دنیا پوچھتا ہے کس کا اثر ورسوخ بڑھ رہا ہے۔ یمن پوچھتا ہے: ہمارے بچوں کا مستقبل کہاں ہے۔ شاید اسی فرق میں یمن کی پوری کہانی چھپی ہوئی ہے۔ جنگ کے اختتام پر کوئی بھی طاقت دعویٰ کر سکتی ہے کہ اس نے دشمن کو شکست دے دی۔ مگر اگر ایک بچہ بھوکا ہے، ایک ماں بے گھر ہے، ایک باپ اپنے بیٹے کی قبر پر بیٹھا ہے اور ایک پورا ملک اپنے مستقبل سے بے خبر ہے تو سوال باقی رہتا ہے۔ جنگ نے آخر حاصل کیا کیا۔ یمن میں شاید اصل لڑائی اس بات پر ہے کہ اس کا مستقبل بندوق طے کرے گی یا سیاست۔ اور جب تک اس سوال کا جواب نہیں ملتا باب المندب کی لہریں چلتی رہیں گی میزائل آتے جاتے رہیں گے اور ایک یمنی بچہ شاید ہر رات ایک ہی دعا کرے گا۔ یا اللہ کل صبح جنگ نہ ہو۔

کیا ٹرمپ نے چین کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے؟

ڈاکٹر محمد اسلم ڈوگر

دنیا میں اکثر کہا جاتا ہے کہ امریکہ کی دوستی اس کی دشمنی سے زیادہ خطرناک ہے۔ اسکے صدر ریگن جیسے حکمران کہتے رہے ہیں کہ ہماری خارجہ پالیسی میں کوئی ٹوئرن اور بیک گیئر نہیں ہے۔ مگر تاریخ گواہ ہے کہ اس میں بیک گیئر بھی ہیں اور ٹوئرن بھی ٹوئرن بھی۔ چینی صدر شی جن پنگ امریکہ کا دورہ کر کے گئے ہیں۔ سرکاری بیانات میں تو سب اچھا کی خبر دی گئی ہے۔ شی جن پنگ کے استقبال کے لئے بچھایا جانے والا ریڈ کارپٹ دنیا کی توجہ کا مرکز رہا۔ دنیا کے خصوصی طور پر تیار ہو کر آنے والی مسز ٹرمپ کو دیکھتی رہی۔ امریکی صدر ایئرپورٹ پر استقبال نہیں کرتا۔ مگر تمام پروٹوکول کی روایات کو توڑ کر صدر ٹرمپ اپنی اہلیہ کے ساتھ ایئرپورٹ پر آئے۔ صدر ٹرمپ کے اس طرز عمل کو پوری دنیا میں بڑے غور سے دیکھا جا رہا تھا۔ مگر اس کو سب سے زیادہ تائیوان میں دیکھا جا رہا تھا اور بڑی تشویش سے دیکھا جا رہا تھا۔ کیونکہ تائیوان کی سلامتی کا انحصار امریکہ پر ہے اور اگر امریکہ آج تائیوان کو اکیلا چھوڑ دے تو اس کے لئے اپنا وجود قائم رکھنا ممکن نہیں ہے۔ امریکہ تائیوان کے ساتھ اس لئے کھڑا ہے کہ وہ تائیوان کو بھاری اسلحہ بیچتا ہے جس سے اربوں ڈالر کماتا ہے اور تائیوان آنے تائیوان اور اس خطے میں امریکی مفادات کے تحفظ کے لئے اقدامات کرتا ہے۔ تائیوان کو اس امریکی سرکاری بیان سے کچھ اطمینان ہوا ہوگا۔ مگر تائیوان والے ٹرمپ کو جانتے ہیں۔ وہ قوانین کی کوئی زیادہ پروا نہیں کرتے۔ وہ امریکی قوانین کو نظر انداز کر کے ایران سے جنگ کر چکے ہیں اور امریکی کانگرس کی چیخ و پکار کے باوجود انہوں نے جنگ کے معاملے میں ان کی اجازت سے انکار کر دیا تھا اور اس حقیقت کا تو سب کو علم ہے کہ امریکی صدر کے پاس بے شمار اختیارات ہیں اور وہ اپنے خصوصی اختیارات سے ایسی کسی ڈیل کی اجازت دے سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس کے غیر قانونی ہونے پر سوال اٹھیں مگر ایسی صورتحال ٹرمپ کے لئے نئی نہیں ہے۔ اس کے لئے وہ ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ اس وقت تائیوان میں خطرے کی گھنٹیاں بج رہی ہیں۔ انہیں امریکہ کا Relation Taiwan Act بھی تسلی نہیں دے رہا ہوگا جس کے تحت امریکہ تائیوان کو اپنی مناسب دفاعی صلاحیت برقرار رکھنے کیلئے دفاعی سازوسامان فراہم کرتا ہے۔ ستمبر میں ہی امریکہ نے جاپان اور جنوبی کوریا کے ساتھ مشترکہ طور پر آبنائے تائیوان میں امن اور استحکام کی اہمیت دہرا کر درحقیقت تائیوان کو پوری پوری تسلی دینے کی کوشش کی تھی۔ ٹرمپ کہتے یہی رہتے ہیں کہ تائیوان سے متعلق بنیادی امریکی پالیسی تبدیل نہیں ہوئی۔ مگر یہ ہتھیاروں کی فروخت کو ٹرمپ کی Chip Negotiating بنتے دیکھ کر اہل تائیوان پریشان تھے اور اندرون خانہ سفارتی مفتی ترلے کر رہے ہوں گے۔ اب چینی صدر کے دورے کے بعد چین کے لئے امریکی سفیر ڈیوڈ پرڈیو نے ایک دھماکہ کر دیا۔ اس دھماکے کی سب سے زوردار آواز تائیوان میں سنی گئی۔ امریکی سفیر ڈیوڈ پرڈیو کے مطابق صدر ٹرمپ نے خوشخبری جن پنگ سے پوچھا ''کیا چین امریکہ سے ہتھیار خریدنا چاہے گا؟'' چینی صدر نے اس پیش کش کو قدرے حیرت سے سنا ہوگا اور وہ ٹرمپ کی کاروباری مجبوریاں سمجھ گئے ہوں گے۔ ٹرمپ درحقیقت انہیں یہ کہہ رہے تھے کہ بھائی ہم نے یہ جو 14 ارب ڈالر کے ہتھیار بنا کر رکھے ہیں۔ آپ ہمیں انہیں تائیوان کو تو بیچنے نہیں دیتے، تو پھر آپ خرید لو۔ ظاہر ہے کہ 14 ارب ڈالر کے ہتھیاروں کا ذخیرہ کر کے رکھنا مہنگا کام ہے۔ امریکہ پاکستان کے ساتھ طیاروں کے ایک ایسے سودے کو زیرالتواء ؍ رکھ کر پاکستان سے ان طیاروں کی پارکنگ فیس بھی وصول کر چکا ہے۔ ٹرمپ اُسے یہی کہہ رہا ہوگا کہ بھائی یہ 14 ارب ڈالر کے ہتھیار ہم کیسے سنبھال کر رکھیں؟ ہتھیار بنانے والے ماتم کر رہے ہیں کہ ہماری اتنی بڑی رقم پھنس گئی ہے اور وہ ٹرمپ پر اتنا دباؤ ڈال سکتے ہیں کہ ٹرمپ کے لئے اسے برداشت کرنا ممکن نہیں ہو گا۔ چینی صدر اس پیش کش پر مسکرائے ہوں گے اور انہوں نے چینی دانش سے اس کا ایسا جواب دیا ہوگا کہ ٹرمپ اسلحہ کی فروخت کی امید لگا بیٹھے ہوں گے۔ امریکی سفیر نے اب اگر اس پیش کش کا تذکرہ کیا ہے تو یہ ٹرمپ کی خواہش پر کیا ہوگا اور اب اس سارے پس منظر میں ٹرمپ اپنے روایتی حریف چین سے پوچھ رہے ہیں کہ کیا چین امریکی ہتھیار خریدنا چاہتا ہے؟ جبکہ امریکی حکومت یہ وضاحت کر رہی ہے کہ چین کو امریکی ہتھیار فروخت کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک قدم آگے بڑھ کر کہہ رہے ہیں کہ امریکی قانون ایسی فروخت کی ممانعت کرتا ہے۔ تائیوان کو اس امریکی سرکاری بیان سے کچھ اطمینان ہوا ہوگا۔ مگر تائیوان والے ٹرمپ کو جانتے ہیں۔ وہ قوانین کی کوئی زیادہ پروا نہیں کرتے۔ وہ امریکی قوانین کو نظر انداز کر کے ایران سے جنگ کر چکے ہیں اور امریکی کانگرس کی چیخ و پکار کے باوجود انہوں نے جنگ کے معاملے میں ان کی اجازت سے انکار کر دیا تھا اور اس حقیقت کا تو سب کو علم ہے کہ امریکی صدر کے پاس بے شمار اختیارات ہیں اور وہ اپنے خصوصی اختیارات سے ایسی کسی ڈیل کی اجازت دے سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس کے غیر قانونی ہونے پر سوال اٹھیں مگر ایسی صورتحال ٹرمپ کے لئے نئی نہیں ہے۔ اس کے لئے وہ ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ اس وقت تائیوان میں خطرے کی گھنٹیاں بج رہی ہیں۔ انہیں امریکہ کا Relation Taiwan Act بھی تسلی نہیں دے رہا ہوگا جس کے تحت امریکہ تائیوان کو اپنی مناسب دفاعی صلاحیت برقرار رکھنے کیلئے دفاعی سازوسامان فراہم کرتا ہے۔ ستمبر میں ہی امریکہ نے جاپان اور جنوبی کوریا کے ساتھ مشترکہ طور پر آبنائے تائیوان میں امن اور استحکام کی اہمیت دہرا کر درحقیقت تائیوان کو پوری پوری تسلی دینے کی کوشش کی تھی۔ ٹرمپ کہتے یہی رہتے ہیں کہ تائیوان سے متعلق بنیادی امریکی پالیسی تبدیل نہیں ہوئی۔ مگر یہ ہتھیاروں کی فروخت کی پیش کش تو کسی سفارتی یا قانونی منظر نامے میں فٹ نہیں ہوتی۔ ایران کیساتھ ڈیل کرنے میں امریکہ کو چین کی ضرورت ہے۔ کیونکہ امریکہ جانتا ہے کہ چین خلیج کی ایک موثر قوت ہے۔ امریکہ کی چین کو اسلحہ کی فروخت کی پیش کش سے یہ نتیجہ نکالنا تو مبالغہ ہوگا کہ ٹرمپ نے چین کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے ہیں مگر پیش کش یہ ضرور بتا رہی ہے کہ چین سے ہتھیار خریدنا چاہے گا؟'' چینی صدر نے اس پیش کش کو قدرے حیرت سے سنا ہوگا اور وہ ٹرمپ کی کاروباری مجبوریاں سمجھ گئے ہوں گے۔ ٹرمپ درحقیقت انہیں یہ کہہ رہے تھے کہ بھائی ہم نے یہ جو 14 ارب ڈالر کے ہتھیار

ایران معاہدہ کرنے کا خواہش مند زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے امریکی صدر

ہم اس وقت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ رہے، یہ روایتی جنگ نہیں ہے،یہ بہت محدود نوعیت کی جنگ ہے ،انٹرویو

ایرانی حکام کے ساتھ کئی مثبت بات چیت ہوئی ہیں ،ٹرمپ بھی ممکنہ معاہدے کے امکانات سے مطمئن ہیں، جے ڈی وینس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرنے کا خواہش مند ہے ، زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔ فاکس نیوز کو دیئے گئے انٹرویو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں ہم جنگ میں ہیں، ہم اس وقت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ رہے، یہ روایتی جنگ نہیں ہے، یہ بہت محدود نوعیت کی جنگ ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران معاہدہ کرنے کا شدید خواہش مند ہے، معاہدہ نہ کیا تو جنگ چھڑ سکتی ہے، بہت زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہم نے آپریشن مڈنائٹ ہیمر کے ذریعے ایران پر بمباری کی، ہم نے ایران کی تمام ممکنہ جوہری صلاحیت کو نشانہ بنایا، اب شاید ہمیں پک ایکس ماؤنٹین کو بھی نشانہ بنانا پڑے، ہم یہ کارروائی ہم صرف ایک گھنٹے میں کرسکتے ہیں۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، ایران جنگ پر 30 ارب ڈالر خرچ کرنا معمولی رقم ہے،ایران ایک خطرناک ملک ہے،جس نے ہمارے بہت سے لوگوں کو ہلاک کیا، قاسم سلیمانی اس کی ایک مثال ہے، وہ اب اس دنیا میں نہیں رہے۔واضح رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی امیدیں بڑھنے لگیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت کی تصدیق کردی۔ فاکس نیوز سے گفتگو میں جے ڈی وینس نے کہا کہ ایرانی حکام کے ساتھ کئی مثبت بات چیت ہوئی ہیں اور صدر ٹرمپ بھی ممکنہ معاہدے کے امکانات سے مطمئن ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ مذاکرات کیلئے کوئی ڈیڈ لائن مقرر نہیں۔ تاہم ایران کو جوہری پروگرام دوبارہ تعمیر نہ کرنے کی ٹھوس اور قابل تصدیق یقین دہانی کرانا ہوگی۔امریکی نائب صدر نے کہا کہ سفارتی کوششیں جاری رہیں گی۔ لیکن

افغان طالبان رجیم میں آزاد صحافت پر پابندیاں برقرار

نام نہاد افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ عالمی سطح پر آزادی صحافت کا قاتل قرار

کابل (جی این ایم) افغان طالبان رجیم میں آزاد صحافت پر پابندیاں برقرار ہے، نام نہاد افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ کو عالمی سطح پر آزادی صحافت کا قاتل قرار دے دیا گیا۔افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ آزادی صحافت پر قدغنیں لگانے والے 33 عالمی شخصیات کی فہرست میں شامل ہو گیا۔عالمی میڈیا واچ ڈاگ رپورٹرز ودآؤٹ بارڈرز کے مطابق قابض افغان طالبان رجیم نے 20 سے زائد حکومتی نوٹیفکیشن اور متعدد صوبائی احکامات کے ذریعے افغان میڈیا کو سخت گیر پابندیوں میں جکڑ دیا ہے۔آر ایس ایف نے بتایا کہ خان طالبان رجیم کی بدترین پابندیوں میں رجیم پر تنقید، خواتین کے حقوق، سیاسی بحث اور جانداروں کی تصاویر نشر کرنے پر پابندیاں شامل ہیں، طالبان رجیم کی بدترین پابندیوں کے باعث افغانستان آزادی صحافت کے عالمی انڈیکس میں 180 ممالک میں 175 ویں نمبر پر پہنچ چکا ہے۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ اگست 2021 سے اب تک طالبان رجیم 74 سے زائد میڈیا کارکنوں کو گرفتار کر چکی ہے، رواں سال بھی چھ صحافی حراستاری کے تحت طالبان رہنماں کی توہین پر قید اور کوڑوں کی سزا مقرر، اختلاف رائے بھی جرم بنا دیا گیا۔

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ

اسکول کے مسائل فوری حل کرکے طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں،مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی ماحول، تدریسی سرگرمیوں اور دستیاب بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا انہوں نے اسکول میں بجلی کی عدم دستیابی، پنکھوں کی کمی وخرابی، ڈیسک اور دیگر ضروری تعلیمی سہولیات کے فقدان سمیت اساتذہ کی کمی اور تدریسی امور سے متعلق مسائل کا جائزہ لیا گیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈی ای او گوادر کو ہدایت کی کہ اسکول کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں بنائی جائے تاکہ ان کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اس موقع پر ڈی ای او زاہد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ اسکول میں نشاندہی کیے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سہولیات کی کمی اور تدریسی امور سے متعلق مسائل کا جائزہ لیا گیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈی ای او گوادر کو ہدایت کی کہ اسکول کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنے شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کرلیا۔انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے۔ان کا کہنا تھا کہ علاقہ کے غریب عوام کی غربت کا مذاق بنایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے ، ٹک ٹاکر مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔خواجہ آصف نے مزید کہا کہ بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہوسکتا اس کا احتساب ہونا چاہیے، ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کما رہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کر رہی ہیں؟۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔

صحبت پور، ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن مدثر کھوسو سے ڈکیتی اور گاڑی اغوا کی اطلاعات

مسلح افراد نے موبائل اور لاکھوں روپے لوٹ لیے، گاڑی ڈرائیور سمیت لے گئے، پولیس تفتیش شروع

صحبت پور (یو این اے) محکمہ آبپاشی (ایریگیشن) کے ایگزیکٹو انجینئر (ای ایکس این) مدثر ظفر کھوسو سے بیلٹ پٹ کے قریب مبینہ ڈکیتی اور سرکاری گاڑی ڈرائیور سمیت اغوا کیے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے، تاہم واقعے کے گردوپیش شکوک وشبہات کے بادل بھی منڈلا رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق سابق نگران وزیراعظم مرحوم حاجی ہزار خان کھوسو کے بھتیجے اور ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن مدثر ظفر کھوسو کوئٹہ سے صحبت پور واپس آ رہے تھے کہ بیلٹ پٹ کے قریب مسلح افراد نے ان سے موبائل فون اور لاکھوں روپے نقدی چھین لی اور سرکاری گاڑی ڈرائیور سمیت اپنے ساتھ لے کر موقع سے فرار ہو گئے۔واقعے کے بعد مدثر کھوسو نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ وہ کس طرح راستے سے لفٹ لے کر منزل پر پہنچے۔مقامی وصحافتی حلقو۔مقامی پولیس نے واقعے کی اطلاع ملنے پر رپورٹ درج کر کے تفتیش اور مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈرائیور وسرکاری گاڑی کی برآمدگی کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے،

ملک بھر میں انسداد پولیو مہم شروع، 8 نومبر تک جاری رہے گی، نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر

پانچ سال سے کم عمر کیتقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاکے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد (یو این اے) ملک بھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جو 8 نومبر تک جاری رہے گی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق مہم کے دوران ملک کے 97 منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاکے قطرے پلائے جائیں گے۔این ای او سی کے مطابق مہم کے دوران 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گے۔اس مہم کے تحت پانچ سال سے کم عمر کیتقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاکے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ نومبر کی انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاکے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔این ای او سی کے مطابق بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانے سے ان کے جسم میں پولیو وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت مضبوط ہوتی ہے۔والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مہم کے دوران اپنے بچوں کی ویکسی نیشن یقینی بنائیں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں کو کامیاب 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر 0 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ نومبر کی انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاکے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔این ای او سی کے مطابق بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانے سے ان کے جسم میں پولیو وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت مضبوط ہوتی ہے۔والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مہم کے دوران اپنے بچوں کی ویکسی نیشن یقینی بنائیں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں کو کامیاب 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر 0 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ نومبر کی

آصفہ بھٹو زرداری کی ضلع مہمند میں پولیس اہلکاروں پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) خاتونِ اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے ضلع مہمند میں پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے فرائض کی ادائیگی کے دوران جامِ شہادت نوش کرنے والے اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔منگل کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ پولیس اہلکار بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنی قومی ذمہ داری ادا کر رہے تھے۔انہوں نے شہید اہلکاروں کی جرات، بہادری اور قربانی کو سراہتے ہوئے کہا ہے۔خاتونِ اول نے شہدا کے اہلِ اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کے بزدلانہ حملے پاکستان کی اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کی کوششوں کو کسی صورت روک نہیں سکتے۔

کوئٹہ: امداد اسپتال سے اکرم اسپتال تک کا علاقہ 'فری ٹریفک زون' بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کے نظام کی بہتری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ، ایس ایس پی ٹریفک سبحان دشتی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں امداد اسپتال سے اکرم اسپتال تک کے علاقے کو فری ٹریفک زون بنانے، غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی یقینی بنانے کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ علاقے میں کسی بھی قسم کی تجارتی سرگرمی کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے کوئی این او سی یا اجازت نامہ جاری نہیں کیا جائے گا،

غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید

غزہ (اے این این) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہوگئے۔ خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیرالبلاح اور متعدد دیگر مقامات پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک اور ایک خاتون اور دو لڑکیوں سمیت پانچ دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ علاقہ حالیہ دنوں میں بارہا حملوں کا مشاہدہ کر رہا ہے۔عینی شاہدین نے بتایا کہ ایک اسرائیلی ڈرون نے اسی علاقے میں ایک فلسطینی کی طرف کم از کم ایک میزائل فائر کیا جبکہ فوجی گاڑیوں نے شہر کے مشرق اور جنوب میں مقامات کی طرف شدید فائرنگ کی۔ایک الگ حملے میں، ایک فلسطینی شخص شہید اور چار دیگر زخمی ہوئے، جن میں سے ایک کی حالت نازک ہے ۔وسطی غزہ میں دیرالبلاح کے مشرق میں اسرائیلی حملے میں ایک 40 سالہ شخص بھی ہلاک اور ایک فلسطینی معمولی زخمی ہوا، جب کہ عینی شاہدین نے بتایا کہ اسی علاقے میں المصدرگاں کے مشرق میں ایک اسرائیلی کواڈ کاپٹر نے فلسطینیوں کو وارننگ دی گئی۔

لیوی پر حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے، لیاقت بلوچ

مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج کا مکمل حق رکھتے ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ آج کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔ یہ مذاکرات کا حتمی راؤنڈ تھا، جس میں چار بنیادی نکات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔قبل ازیں جماعت اسلامی اور حکومت کے مذاکرات ہوئے۔ حکومتی مذاکراتی کمیٹی میں شامل تھیں۔ وفد کی قیادت بوڈھی دھمابڈھسٹ ایسوسی ایشن آسٹریلیا کے صدر مسٹر دپتھاو کر مارتنے کررہے ہیں۔وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان گندھارا تہذیب اور بدھ مت کے تاریخی ورثے کا ایک اہم مرکز ہے اور حکومت پاکستان اس عظیم تاریخی وتہذیبی ورثے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ سری لنکا اور پاکستان کے درمیان مشترکہ مذہبی، تاریخی اقی وزیر نے کہا کہ ایسے وفود کے دورے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط بڑھانے اور پاکستان کے مثبت تشخص کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

سری لنکا کے اعلیٰ سطحی بدھ مت وفد کی وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت سے ملاقات

گندھارا تہذیب اور بدھ ورثے کے فروغ کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی سے سری لنکا کے 16 رکنی اعلیٰ سطحی وفد نے آج پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے) اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گندھارا تہذیب، بدھ مت کے تاریخی ورثے، آثارِ قدیمہ، تعلیم، تحقیق اور ثقافتی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد میں سری لنکا کے محکمہ آثارِ قدیمہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ای اے سینارتھ ڈسانائیکے، سابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثارِ قدیمہ پروفیسر پی ڈی منڈاوالا، سری لنکا کے 46 ویں سالیسٹر جنرل مسز دلروشی ڈیاس وکرماسنگھے اور بدھ مت کمیونٹی و کاروباری شعبے کی اہم شخصیات

مستونگ، ضلعی انتظامیہ کا بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، متعدد سامان ضبط

سڑکوں پر ریڑھیاں کھڑی کرنے اور فٹ پاتھ گھیرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا انتباہ، اسسٹنٹ کمشنر

مستونگ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی اور پولیس نے مستونگ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔آپریشن کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سالانی نے کی، جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی آصف حسن سارنگزئی اور ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لانگو سمیت انتظامی ٹیم اور عملہ بھی ہمراہ تھا۔کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ، مسجد روڈ، اسٹیڈیم روڈ اور محراب روڈ پر فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی اسٹالز، سبزی وفروٹ کی ریڑھیوں اور دکانوں کے سامنے قائم تجاوزات کو ہٹا دیا گیا۔ اس دوران متعدد ریڑھی بانوں کے ترازو، کرسیاں اور دیگر سامان بھی ضبط کیا گیا۔انتظامی حکام نے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو آخری وارننگ جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ آئندہ سڑکوں پر ریڑھیاں کھڑی کرنے اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی اسٹالز قائم کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے اور جرمانے عائد کرنے کے ساتھ انہیں موقع پر ہی گرفتار کرنے کا بھی حکم دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سالانی نے کہا کہ آپریشن کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور شہر کی خوبصورتی کو بحال کرنا ہے، تاہم کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کو بھی اپنی دکانوں کے سامنے تجاوزات قائم نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آپریشن کے دوران متعدد افراد کو موقع پر ہی جرمانے کیے گئے، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کی کارروائی بھی جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور تجاوزات قائم نہ کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 1

گاڑیاں اور عسکری تنصیبات تباہ یا ناکارہ بنا دی گئیں۔یمنی فوج کے ترجمان کے مطابق کارروائیوں میں حوثی ٹھکانوں، جنگجوؤں کے اجتماعات، کمک پہنچانے والے دستوں، میزائل داغنے کے مقامات اور جنگی سازوسامان کو نشانہ بنایا گیا، ان حملوں میں لڑاکا طیاروں، ڈرونز اور توپ خانے کی مدد حاصل رہی۔ترجمان کا کہنا تھا کہ تعزیز میں حکومتی فورسز اور عوامی مزاحمتی گروپ نے مختلف محاذوں پر حوثی حملے پسپا کیے اور ان کی نقل وحرکت کو نشانہ بنایا، مارب اور الجوف میں ہنگامی دستوں، نیشنز شیلڈ فورسز اور دیگر فوجی یونٹوں نے عوامی مزاحمتی فورسز کے تعاون سے حوثیوں کے اجتماعات اور کمک پر کارروائیاں کیں۔ یمن کے جنوبی اور مغربی محاذوں پر بھی نیشنز شیلڈ، جائنٹس بریگیڈز اور نیشنل ریزسٹنس فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں

بقیہ 2

کی مدد سے عارضی بند بھی بنائے، تاہم شدید بارش کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔غزہ سول ڈیفنس کے مطابق بے گھر شہریوں کی جانب سے مطابق امدادی کارروائیوں کے دوران بھی حملے جاری رہے اور طبی عملے کے بعض ارکان بھی ہلاک ہوئے۔انہوں نے بتایا کہ اسپتال میں سر، سینے اور ٹانگوں پر شدید زخموں اور ہڈیوں کے ٹوٹنے کے باعث کئی زخمیوں کو انتہائی تشویش ناک حالت میں لایا گیا۔دریں اثنا سعودی وزارت توانائی کے ایک عہدیدار نے اتوار کو بتایا کہ ریاض میں سعودی آرامکو کی ایک انتظامی عمارت کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی، تاہم گرنے والے ملبے کے باعث عمارت کو معمولی نقصان پہنچا ،تاہم کوئی شخص زخمی یا جاں بحق نہیں ہوا۔وزارت نے مزید بتایا کہ متعلقہ حکام نے واقعے سے نمٹنے اور ضروری اقدامات کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ادھر یمن کی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثی باغیوں کے ٹھکانوں پر 875 حملے کیے گئے، جن کے نتیجے میں 130 حوثی باغی اور کمانڈرز ہلاک یا غیر مؤثر ہوگئے، جبکہ 50 فوجی گاڑیاں اور عسکری تنصیبات ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر خواتین اور بچے شامل تھے۔رائٹرز کے مطابق اس دعوے کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی۔سعودی عرب کے مرکز برائے بین الاقوامی مواصلات نے کہا تھا کہ حکام اس واقعے کی تحقیقات کررہے ہیں۔صنعا کے صحتو نہ اسپتال کے ڈائریکٹر عبدالعزیز الدیلمی نے بتایا تھا کہ کئی متاثرین اب بھی ملبے تلے دبے ہوئے ہیں، جن میں امدادی کارکن بھی شامل ہیں۔ان ک

دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے، چیئرمین سینیٹ

پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی عبادات، مذہبی رسومات اور روایات پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے

اقلیتوں کو قومی زندگی کے تمام شعبوں میں مساوی مواقع اور نمائندگی فراہم کی گئی ہے، مذہبی ہم آہنگی اور رواداری ہماری قومی اقدار کا بنیادی حصہ ہیں

اسلام آباد (یو این اے) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے، پاکستان مختلف مذاہب، ثقافتوں اور تہذیبوں کا حسین امتزاج ہے جہاں مذہبی رواداری اور باہمی احترام قومی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ دیوالی کے موقع پر سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے ہندو برادری کے نام پیغام میں ہندو اراکین پارلیمنٹ اور ملک بھر میں آباد ہندو برادری کو دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو بلا امتیاز مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



تربت۔ جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد طارق ذرہ کا یونیورسٹی آف جارجیا کے فیکلٹی ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو



جمعیت ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھا اجمل بازئی، میر سرفراز شاہوانی ناظمین مالیات کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سوراب میں پولیس کی بروقت کارروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد

تنک ایریا میں پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ، ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار، سرچ آپریشن جاری

سوراب (یو این اے) سوراب پولیس نے برق رفتار کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے مسلح ملزمان کا تعاقب کیا اور پولیس مقابلے کے بعد چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق شام 7 بج کر 40 منٹ پر سرخی کے علاقے میں نامعلوم مسلح ملزمان نے ایک شہری سے ہنڈا موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی گشت پر مامور سوراب پولیس کی بھاری نفری نے فوری ردعمل دیتے ہوئے ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا۔ تعاقب کے دوران تنک کے علاقے میں پولیس اور ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کی موثر کارروائی پر ملزمان چھینی گئی موٹر سائیکل موقع پر چھوڑ کر تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس نے موٹر سائیکل تحویل میں لے کر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ سوراب پولیس نے برق رفتار کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے مسلح ملزمان کا

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹانک، نامعلوم افراد فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل اور پانچ سالہ بیٹا شہید

ٹانک (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک کے محلّہ خدریانوالہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل اور اس کا پانچ سالہ بیٹا شہید ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس کانسٹیبل سعادت اپنے بیٹے کے ہمراہ بازار سے سودا سلف لینے جا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل سعادت موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ زخمی بیٹے کو ڈی آئی خان منتقل کیا گیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

افغانیت ہر پشتون کی بنیادی پہچان ہے، برابری کے حقوق نہ ملنا لمحہ فکریہ ہے افغان قومی موومنٹ احمد خان

غازی عبداللہ خان شہید نے انگریزوں کے خلاف تاریخی جدوجہد کی، پشتونوں کی قربانیوں سے تاریخ بھری پڑی ہے، احمد خان

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانیت کا خون ہر پشتون کی رگوں میں بہتا ہے اور یہی ان کی بنیادی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں صدیوں سے آباد محکوم اقوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق اور ان کی شناخت نہ دینا ایک لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ سے ناآشنا عناصر ہر پگڑی اور داڑھی رکھنے والے کو شک کی نگاہ سے دیکھ کر بے جا تنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قیامِ پاکستان اور خطے کی آزادی کی جدوجہد میں ہمارے آبا اجداد نے انگریز فرنگی کو مار بھگایا اور برطانوی تسلط کا خاتمہ کیا۔ پشتون افغان قوم کے انمٹ رشتوں کو چند سرحدی لکیریں کبھی ختم نہیں کر سکتیں۔ اگر غیر جانبدارانہ سروے کرایا جائے تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ آزادی کی خاطر پشتون افغان قوم نے سب سے زیادہ گراں قدر قربانیاں دی ہیں۔ احمد خان نے تاریخی حوالے سے بتایا کہ ان کے پردادا غازی عبداللہ خان شہید نے 1841

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

تعلیم کے بغیر ترقی و خوشحالی ناممکن ہے، صالح محمد کاکڑ

گورنمنٹ کلی رحم الدین کے اساتذہ پر فخر ہے، جنہوں نے ادارے کو اعلیٰ مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا

سیکرٹری تعلیم سکولز بلوچستان حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی فروغ کیلئے کاوشیں قابل تحسین ہیں

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ کلی رحم الدین کوئٹہ کے ہیڈ ماسٹر حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر ترقی، خوشحالی اور معاشرتی بہتری کا تصور بھی ممکن نہیں، بلوچستان کی پسماندگی کی بڑی وجوہات میں تعلیم سے دوری اور تعلیمی شعور کا فقدان شامل ہیں، صوبے کی روشن مستقبل اور پائیدار ترقی کیلئے ضروری ہے کہ تعلیم کے فروغ کو اولین ترجیح دی جائے اور ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکول اسٹاف کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں گورنمنٹ کلی رحم الدین کے اساتذہ کرام کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے، جنہوں نے اپنی انتھک کوششوں سے ادارے کو اعلیٰ مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی محنت ہی قوم کے مستقبل کو سنوارتی ہے۔ حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجگور چنکان بس ٹرمینل پر ڈکیتی، مسلح افراد تاجروں اور ڈرائیوروں سے نقدی و موبائل فون چھین کر فرار

عدم تحفظ کا شکار دکانداروں اور ٹرانسپورٹرز کا ڈی پی او پنجگور سے سیکیورٹی کی فراہمی اور مسروقہ سامان کی برآمدگی کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور چنکان بس ٹرمینل میں ڈکیتی کی واردات گزشتہ شب 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقد رقومات اور موبائل فون چھین لئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب چنکان میں واقع بس ٹرمینل میں 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقدی اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے، ٹرمینل کے دکانداروں اور ٹرانسپورٹرز کے مطابق وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں انہوں نے ڈی پی او پنجگور سے اپیل کی ہے کہ بس ٹرمینل میں دکانداروں اور ٹرانسپورٹرز کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں اور سیکورٹی کی فراہمی یقینی بنائیں۔ پنجگور چنکان بس ٹرمینل میں ڈکیتی کی وارادات گزشتہ شب 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقد رقومات اور مسروقہ سامان کی برآمدگی یقینی بنائیں۔ پنجگور چنکان بس ٹرمینل میں ڈکیتی کی وارادات گزشتہ شب 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقد رقومات اور موبائل فون چھین لئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب چنکان میں واقع بس ٹرمینل میں 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دکانداروں اور

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجاب میں اپوزیشن کا سی سی ڈی پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں کی تحقیقات کے لئے تحریک التوا لانے کا فیصلہ

چیف جسٹس ہائی کورٹ کی سربراہی میں بااختیار عدالتی کمیشن تشکیل دینے کا مطالبہ

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں اپوزیشن نے سی ڈی پی پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں کی تحقیقات کے لئے تحریک التوا لانے کا فیصلہ کرتے ہوئے عدالتی کمیشن بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں اور قانونی تقاضوں سے متعلق سوالات اٹھا دیئے گئے۔ اپوزیشن رکن پنجاب اسمبلی احمر بھٹی 15 اپوزیشن ارکان کے ہمراہ تحریک التوا پنجاب اسمبلی میں جمع کروائیں گے۔ تحریک التوا کے متن کے مطابق پنجاب میں سی سی ڈی کے پولیس مقابلوں میں 924 افراد ہلاک ہوئے، ہیومن رائٹس کمیشن رپورٹ کے مطابق 2025 میں سی سی ڈی کی کارروائیوں کے دوران مبینہ پولیس مقابلوں میں 924 افراد ہلاک ہوئے، سی سی ڈی کی کارروائیوں میں طاقت کے استعمال اور اس کی قانونی حیثیت کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ متن کے مطابق ایچ آر سی پی نے مارچ 2026 میں قائم اپنی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں بھی ان واقعات کی نشاندہی کی، پولیس حکام کی جانب سے بعض کارروائیوں کو

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

شہداد کوٹ پولیس اقدام کے خلاف گنداخہ میں مکمل شٹر ڈاون ہڑتال، پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

میر خان صوبدرانی جمالی کی گرفتاری پر شدید احتجاج، درج مقدمات ختم اور تمام گرفتار افراد کو رہا کیا جائے، مقررین

گنداخہ (یو این اے) شہداد کوٹ پولیس کی جانب سے لکھپت روڈ پر قائم جمالی برادری کے احتجاجی کیمپ پر مبینہ چڑھائی، قبائلی شخصیت میر خان صوبدرانی جمالی اور ان کے ساتھیوں کی گرفتاریوں اور مقدمات کے اندراج کے خلاف گنداخہ میں مکمل شٹر ڈاون ہڑتال کی گئی۔ اس موقع پر صوبدرانی ہاس سے رئیس شہزادہ خان جمالی کی نگرانی میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی گنداخہ پریس کلب پہنچی، جہاں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے سے رئیس شہزادہ خان جمالی، ایم کیوایم کے سینئر رہنما حاجی علی شیر جمالی، جنرل کونسلر میر مرتضی لاشاری، ثناء اللہ خان جمالی، مشتاق عزیز جمالی، داد محمد جمالی، علی مردان صوبدرانی جمالی اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہداد کوٹ پولیس نے رات کے اندھیرے میں لکھپت روڈ پر قائم جمالی برادری کے پرامن احتجاجی کیمپ پر چڑھائی کی، جہاں پر خواتین اور بچوں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ قبائلی شخصیت میر خان صوبدرانی جمالی، کامریڈ منیر

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر

35 ملین ڈالر کی مفاہمتی یادداشتیں، معاہدے اور کاروباری معاہدے طے پائے

لاہور (آئی این پی) پاکستان میں صنعتی شعبہ کا عالمی ایونٹ 24 واں انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 لاہور میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) اور ای کامرس گیٹ وے کے اشتراک سے منعقدہ نمائش میں 6 ممالک کے 23 نمائش کنندگان اور 23 ہزار پیشہ ورانہ افراد شریک ہوئے۔ نمائش میں جدید مشینری، شمسی توانائی، الیکٹرک گاڑیوں اور حفاظتی ٹیکنالوجی کے اسٹالز شرکا کی توجہ کا مرکز بنے۔ تین روزہ نمائش میں تقریباً 035 ملین ڈالر کی مفاہمتی یادداشتیں، معاہدے اور کاروباری معاہدے طے پائے۔ انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 نے پاکستان میں عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد اور صنعتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ کیا۔ پاکستان میں صنعتی شعبہ کا عالمی ایونٹ 24 واں انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 لاہور میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) اور ای کامرس گیٹ وے کے

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

قصور، خاتون کے اندوہناک قتل کا معمہ حل، بھائی اور شوہر ہی قاتل نکلے

قصور (آئی این پی) قصور میں بہادر پورہ روہی نالہ سے ملنے والی خاتون کی لاش کا معمہ حل ہوگیا، پولیس نے قتل میں ملوث مقتولہ کے بھائی اور شوہر کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان نے مبینہ طور پر خاتون کو بجلی کی تار سے گلا گھونٹ کر قتل کرنے کے بعد لاش بوری میں بند کر کے آٹو رکشے میں لے جا کر نالے کے قریب پھینک دی تھی۔ ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان نے ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ مقتولہ مہک بی بی کی لاش 21 اکتوبر کو

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

محکمہ صحت میں 94 کروڑ 63 لاکھ کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

لاہور (اے ایف پی) محکمہ صحت میں 94 کروڑ 63 لاکھ کی مبینہ بیضابطہ ادائیگیوں پر آڈٹ اعتراضات کر دیا گیا، ڈی جی ہیلتھ سروسز کا 6 این جی اوز ،اداروں کو گرانٹس فراہم کرنے پر آڈٹ اعتراض کیا گیا، جلومتی منظوری کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مختلف این جی اوز کو جاری فنڈز کے استعمال کیسٹیفکیٹ کی آڈٹ سے تصدیق نہ ہوسکی، فنانس ا؟ڈٹ رپورٹ کے مطابق سرکاری فنڈز کیا جرا میں مطلوبہ مالیاتی قواعد اور ضابطہ جاتی

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحافی امام بخش بلیدی کیخلاف ایف آئی آر انصاف کے منافی ہے، بلوچستان میڈیا فورم

امام بخش بلیدی کے خلاف ایف آئی آر رسول ہسپتال جعفرآباد کے ڈاکٹروں کی بلیک میلنگ کا نتیجہ ہے، مرکزی اعلامیہ

صحافی کے خلاف درج ایف آئی آر فوری ختم، واقعے کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، سخت احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی اعلامیہ میں صحبت پور کے معروف صحافی اور بلوچستان میڈیا فورم ضلع جعفرآباد کے ضلعی صدر امام بخش بلیدی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف جعفرآباد پولیس کی یک طرفہ کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ان کے خلاف درج ایف آئی آر کو سول ہسپتال جعفرآباد کے ڈاکٹروں کی مبینہ بلیک میلنگ کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ صحافی امام بخش بلیدی کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ اطلاعات کے مطابق سول ہسپتال جعفرآباد میں مریض کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے بجائے صحافی کے ساتھ مبینہ طور پر بدتمیزی، گالم گلوچ اور دھمکیوں کا واقعہ پیش آیا، جس کے بعد صحافی کے خلاف مقدمہ درج کرنا اور پولیس کی جانب سے یک طرفہ کارروائی کرنا صحافتی حلقوں میں تشویش کا باعث ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ صحافی معاشرے کا آئینہ

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

واپڈا کی دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج بارے رپورٹ جاری

اسلام آباد (اے ایف پی) واپڈا نے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار جاری کر دیے۔ اتوار کو جاری اعداد و شمار کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 23 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 65 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد 8 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 200 کیوسک، خیرآباد پل پر پانی کی آمد 36 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 36 ہزار 700 کیوسک، دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 4 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 33 ہزار کیوسک جبکہ دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 8

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس میں عائد بے بنیاد الزامات کی تردید کرتا ہوں، یعقوب کلوانی

خواتین کو تنازعات میں گھسیٹنا قبائلی اقدار کے خلاف ہے، مسائل قانونی دائرے میں حل کیے جائیں، پریس کانفرنس

کوہلو (یو این اے) گزشتہ روز اپنی اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرنے والے شاہ داد کے الزامات اور مقف کے ردعمل میں یعقوب کلوانی نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز میرے اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد اور ناجائز الزامات عائد کر کے ہماری ساکھ کو نقصان پہنچانے اور ہمیں بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، جس کی میں سختی سے تردید کرتا ہوں۔ یعقوب کلوانی نے کہا کہ میں ایک معزز شہری ہوں اور ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے۔ کسی بھی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ بغیر کسی ثبوت کے دوسرے شخص یا اس کے اہلخانہ پر الزامات عائد کر کے ان کی عزت اور وقار کو مجروح کرے۔ اگر کسی کو کوئی شکایت یا اختلاف ہے تو اس کے لیے قانونی راستے موجود ہیں، الزامات اور کردار کشی کے ذریعے کسی کی زندگی کو مشکل بنانا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدارا بلوچیت، روایات اور قبائلی اقدار کو مدنظر رکھا جائے اور خواتین کو گھریلو معاملات اور باہمی تنازعات میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے۔ خواتین معاشرے کا قابل احترام حصہ ہیں، انہیں تنازعات میں ڈھال بنا کر کسی کے خلاف استعمال کرنا ہماری روایات اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ خواتین کا سہارا لینے کے بجائے مرد حضرات کو اپنے اختلافات اور مسائل باہمی گفت وشنید اور قانونی طریقے سے حل کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے اور اپنے بیٹوں

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

لاہور، کم عمر لڑکے سے بدفعلی کے الزام میں دو ملزمان گرفتار

لاہور (آئی این پی) لاہور میں اسلام پورہ پولیس نے کم عمر لڑکے سے بدفعلی کے الزام میں ملزم کو گرفتار کرلیا، جبکہ کاہنہ پولیس نے رقم کے تنازع پر خاتون کو تشدد کا نشانہ بنانے والے 2 ملزمان کو حراست

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

بہاولنگر، آوارہ کتے 12 سالہ طالبہ کو نوچ کر کھاتے رہے، تڑپ تڑپ کر موقع پر ہی جاں بحق

لاہور (آئی این پی) پنجاب کے شہر بہاولنگر منڈی مدرسہ کے نواحی علاقے عاکو کا ہٹھاڑ، بستی یاسین کا میں دلخراش واقعہ پیش آیا، جہاں درجن سے زائد

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

سید علی گیلانی پیپلز پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں، حیات اللہ خان کاکڑ

سید علی گیلانی نئی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے میں کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سید علی گیلانی کو پارٹی کی پارلیمانی اسٹریٹجک کمیٹی کا رکن مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی سیاسی بصیرت، تجربے اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پارٹی کے لیے ایک مثر اور مثبت کردار ادا کریں گے۔

علامہ اقبال کے افکار اور خودی کے پیغام پر عمل پیرا ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، نسیم الرحمان ملاخیل

آج کی نسلِ نو کو اقبال کے شاہین کا کردار ادا کرتے ہوئے ملک کی ترقی و استحکام کے لیے آگے آنا ہوگا، صوبائی مشیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے 9 نومبر، یومِ اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ مفکرِ اسلام، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یومِ ولادت کے موقع پر ہم پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ 9 نومبر کا دن صرف ایک عظیم شخصیت کی پیدائش کی یادگار ہی نہیں بلکہ یہ فکری بیداری اور خودی کے احیا کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنے افکار اور بلند پایہ شاعری کے ذریعے امتِ مسلمہ کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا۔ ان کا فلسفۂ خودی انسانی وقار، عزتِ نفس اور مسلسل جدوجہد کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے دو قومی نظریے کی بنیاد رکھ کر برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن کا خواب دیکھا، جسے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں حقیقت کا روپ ملا۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ آج پاکستان کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے افکارِ اقبال پر عمل پیرا ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اقبال نے نوجوانوں کو "شاہین" کا نام دیا اور ان سے بلند پروازی،

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحبت پور میں چاول کے ڈیرے میں آگ بھڑک اٹھی، فائر بریگیڈ کی بروقت کارروائی سے قابو پا لیا گیا

صوبائی وزیر سلیم خان کھوسو کے والد کے ڈیرے پر پیش آنے والے واقعے پر تحفظات، امن و امان پر قابو پانے کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کی تحصیل چھتر اندرون میں چاول کے ڈیرے میں آگ بھڑک اٹھنے کا دوسرا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں صوبائی وزیر و مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسو کے والد منظور حسین کھوسو کے چاول کے ڈیرے میں اچانک شدید آگ نمودار ہوگئی۔ اطلاع ملتے ہی تصیر آباد اور صحبت پور کی میونسپل فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں اور سخت جدوجہد کے بعد آگ پر مکمل قابو پا کر مزید نقصان کو روکا۔ واقعے کے دوران آگ کے شدید پھیلاؤ کو دیکھتے ہوئے مقامی خواتین نے قرآن پاک اٹھا کر دعائیں کیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی مرحوم نبی بخش کھوسو کے گاں میں چاول کے ڈیرے پر حملہ آوروں

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میڈیا فورم کو صحافیوں کے اتحاد و اتفاق کا اعزاز حاصل ہے، میجر جمالی

مرکزی صدر قیوم بلوچ کی مدبرانہ قیادت پر فخر ہے، صدر بی ایم ایف اوستہ محمد

گنداخہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم اوستہ محمد کے صدر اور گنداخہ پریس کلب کے صدر ساجد علی میجر جمالی نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم، جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند سمیت تمام ساتھیوں کو صوبے بھر کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے اور صحافتی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے مثر کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور کہا ہے۔ کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبے میں تیزی سے وسعت اختیار کرنے والی ایک مثر صحافتی تنظیم ہے، جس نے بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے مرکزی صدر قیوم بلوچ کی مدبرانہ قیادت پر فخر

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

شالی کے ذخائر میں آتشزدگی کا واقعہ افسوسناک، چیئرمین یونین کونسل میر صدام حسین کھوسہ

تحصیل کا درجہ ملنے کے باوجود فائر بریگیڈ اور ایمبولینس کی عدم دستیابی تشویشناک، متاثرین کی دادرسی کی جائے

چھتر (یو این اے) چیئرمین یونین کونسل میر نبی بخش خان کھوسہ دولت گھاڑی میر صدام حسین خان کھوسہ کا آتشزدگی کے واقعے پر اظہار افسوس تفصیلات کے مطابق چیئرمین یونین کونسل میر نبی بخش خان کھوسہ دولت گھاڑی میر صدام حسین خان کھوسہ نے

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

خضدار کے قریب زیرو پوائنٹ پر المناک ٹریفک حادثہ، 35 سالہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق

تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، متوفی کی شناخت عبدالرشید کے نام سے ہوگئی

خضدار (یو این اے) خضدار میں زیرو پوائنٹ کے قریب ایک المناک ٹریفک حادثے کے نتیجے میں تیز رفتار گاڑی کی زد میں آکر موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے زیرو پوائنٹ کے قریب تیز رفتار گاڑی نے

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 2 پر)

بھاگ ناڑی میں دو قبائل کے مابین پرانی رنجش پر فائرنگ، 3 افراد جاں بحق، 3 شدید زخمی

گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں پہوڑ اور حاجیہ مغیری برادری کے درمیان تصادم، پولیس تفتیش جاری

بھاگ (یو این اے) بھاگ ناڑی کے علاقے گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں دو مختلف قبائل کے درمیان پرانی رنجش کی بنا پر خونریز تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 3 افراد شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں پہوڑ اور حاجیہ مغیری برادری کے مابین دیرینہ تنازعے پر اچانک فائرنگ کا تبادلہ شروع ہو گیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں دونوں جانب سے 3 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ 3 دیگر افراد گولی لگنے سے شدید زخمی ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو کنٹرول میں لیا اور لاشوں و زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مزید بدامنی کو روکنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے

ڈیرہ بگٹی میں کچی کینال کے قریب بارودی سرنگ کا دھماکہ، 1 شخص جاں بحق

امداد ٹیمیں اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں، علاقے میں سرچ آپریشن شروع

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی میں کچی کینال 12 نمبر شاخ کے قریب بارودی سرنگ کے دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نامعلوم عناصر کی جانب سے کچی کینال کے قریب سڑک کنارنصب کی گئی بارودی سرنگ دھماکے سے

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحبت پور میں گرانی اور مہنگائی عروج پر، سبزیوں اور پرچون کی اشیا غریب کی پہنچ سے باہر

پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی، وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری سے نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور اور اس کی ماتحت تحصیلوں میں گرانی اور گراں فروشی عروج پر پہنچ گئی ہے، جس کے باعث غریب طبقے کے لیے بنیادی اشیائے خوردونوش کی خریداری شدید دشوار ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر صحبت پور سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، مانجھی پور، سعید کنرانی، حیرہ دین، فرید آباد اور جیا کے علاقوں میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث من مانی قیمتیں وصول کی جا رہی ہیں۔ مارکیٹ میں نیا آلو 150 روپے فی کلو جبکہ ٹماٹر، گوبھی، بند گوبھی، شلغم، بھنڈی اور توری جیسی

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ بھی موجود ہیں

علامہ اقبال کے افکار اور تعلی